© rasailojaraid.com

۱۰۰ نسخوں کی قیمت ۵۰ روپیہ۔ تبلیغ لٹریچر کمپنی۔ نمبر ۶۶ ریلوے روڈ۔ لاہور۔

انگریزی زبان میں سیرت پاک پر ایک مختصر کتاب ہے جس کو نہایت سادہ اور موثر زبان میں لکھا گیا ہے۔ انگریزی خواں غیر مسلموں کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ سے ابتدائی طور پر روشناس کرانے کے لیے ایک مفید چیز ہے اور اس قابل ہے کہ مسلمان اپنے غیر مسلم دوستوں کو ہدیۃً نذر کریں اسی لیے ناشرین نے زیادہ تعداد میں خریدنے والوں کے لیے خاص رعایت رکھی ہے۔ (ا۔م)۔

**کلام جوہر** | صفحات ۱۴۱۔ قیمت ۸ر۔ مکتبہ جامعہ ملیہ۔ دہلی۔

یہ رئیس الاحرار مولانا محمد علی مرحوم کے کلام کا مجموعہ ہے جس کو نئی ترتیب کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ ابتدا میں جناب مولانا عبدالماجد دریابادی مدیر "صدق" کا لکھا ہوا مقدمہ ہے جس میں عقیدت ومحبت کے ساتھ شاعر کی شخصیت اور اس کے کلام کی اصلی خوبیاں نمایاں کی گئی ہیں۔ مولانا محمد علی مرحوم کے دل ودماغ کو قدرت نے شعروادب کا نہایت پاکیزہ ذوق عطا کیا تھا۔ جس سے انہوں نے زیادہ تر اپنے مضامین اور تقریروں میں کام لیا۔ ان اصلاحی اور مفید کاموں سے جو شعریت بچی وہ کبھی کبھی شعر گوئی میں بھی صرف ہوتی رہی۔ مرحوم کی تمام تر شاعری سوز وگداز سے لبریز ہے اس میں ہوسناکی کے چٹخارے اور شہوانی جذبات کو بھڑکانے والے محرکات قطعاً ناپید ہیں۔ کمر کی لچک اور باہوں کے لوچ کے بجائے تلوار کی لچک اور پھانسی کے پھندے کا لوچ پایا جاتا ہے۔ شاعرانہ تخیل پر اسلامی تخیل غالب ہے۔ آغاز عمر کے کلام میں رنگ ہلکا تھا۔ جوں جوں امتداد عمر کے ساتھ جذبۂ اسلامی بڑھتا گیا جوہر کا راستہ دوسرے شعرائ سے الگ ہوتا چلا گیا ——— وہ نہ تو زمانہ کی ناساعدت پر ماتم کرتے ہیں نہ فلک کج رفتار کو کوستے ہیں۔ ان کا نظریہ "تسلیم ورضا" ہے۔ قید خانہ کی چار دیواری میں بیٹھ کر کس اطمینان سے کہتے ہیں

© rasailojaraid.com